**21.11.2024**

**21.15 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں شگفتہ یاسمین

Music

..........................................................................

- ☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے جارج ٹاؤن میں گیانا کی پارلیمنٹ کے خصوصی اجلاس سے خطاب کیا۔ انھوں نے کہا کہ بھارت اور گیانا کے درمیان رشتہ خصوصی نوعیت کا ہے۔
- ☆ وزیر دفاع راجناتھ سنگھ اور امریکہ کے اُن کے ہم منصب Lloyd Austin نے بھارت-امریکہ دفاعی شراکت داری کی حاصل کردہ پیشرفت کی ستائش کی ہے۔
- ☆ کیف نے کہا ہے کہ روس نے یوکرین پر بین براعظمی بیلسٹک میزائل داغے ہیں۔
- ☆ پاکستان میں خیبرپختونخواہ خطّے میں مسافروں کی Vans پر ہوئے حملے میں 38 شہری ہلاک ہوئے ہیں۔
- ☆ اور چائنا ماسٹرس بیڈمنٹن میں بھارت کے کھلاڑی لکشیہ سین مردوں کے سنگلز کے کوارٹر فائنل میں پہنچ گئے ہیں۔ چراغ شیٹی اور ست وِک سائی راج رنکی ریڈی کی جوڑی بھی مردوں کے ڈبلز کے کوارٹر فائنل میں پہنچ گئی ہے۔

..........................................................................

(Music)

اب خبریں تفصیل سے

***PM Guyana Parliament***

وزیر اعظم نریندر مودی نے زور دے کر کہا ہے کہ سب کی شمولیت والے معاشرے کی تشکیل کیلئے جمہوریت سے زیادہ عظیم کوئی آلہ نہیں ہے۔ آج شام گیانا کی پارلیمنٹ کے ایک خصوصی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے جناب مودی نے کہا کہ دنیا کے سامنے آگے بڑھنے کا سب سے مضبوط منتر ہے ''جمہوریت کو اوّلیت، انسانیت کو اوّلیت'' انھوں نے کہا کہ جمہوریت ہمارے DNA میں ہے، ہمارے نظریہ میں ہے اور ہمارے برتاؤ میں ہے۔

S/B Narendra Modi

وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا کہ دنیا بھر کے کسی بھی ملک میں کسی بحران کے دوران بھارت کی مخلصانہ کوشش یہ ہوتی ہے کہ وہ سب سے پہلے اِس سلسلے میں کوئی قدم بڑھائے اور مدد کیلئے وہاں تک پہنچے۔

انھوں نے مزید کہا کہ بھارت اور گیانا کے درمیان رشتہ بہت ہی خاص نوعیت کا ہے۔ انھوں نے ذکر کیا کہ تقریباً 180 سال پہلے ایک بھارتی شخص گیانا پہنچا تھا اور تب سے بھارت اور گیانا ہمیشہ ایک دوسرے کے قریب رہے

ہیں۔ انھوں نے کہا کہ گیانا میں Indian Arival Monument اِس قربت کی علامت ہے۔ جناب مودی نے یہ بھی کہا کہ گیانا نے کل انھیں اعلیٰ ترین اعزاز سے نوازا جس کیلئے وہ گیانا کے تمام شہریوں کے ممنون ہیں۔x

## PM Gandhi

جناب مودی آج گیانا میں بابائے قوم مہاتما گاندھی کے مجسمے پر خراج عقیدت پیش کریں گے۔X
تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

VC Anupam Mishra

مہاتما گاندھی کی عالمی افادیت کی تصدیق کے طور پر جناب مودی آج گیانا میں بابائے قوم کے مجسمے پر خراج عقیدت پیش کریں گے۔ یہ اکیسواں موقع ہوگا جب وزیر اعظم غیر ملکی سر زمین پر باپو کو خراج عقیدت پیش کریں گے۔ گاندھی جی کی تعلیمات کے تئیں جناب مودی کی غیر متزلزل حمایت سرحدوں کے پار جاچکی ہے۔ گاندھی کی افادیت گھریلو پہل سے آگے بڑھ کر دُنیا بھر میں جناب مودی کی سفارتی مصروفیات میں بھی نظر آنے لگی ہے۔ اِس سال اگست میں وزیر اعظم نے جنگ کے دوران امن کے جذبے کے تحت یوکرین کے کیف کے اپنے دورے میں بھی گاندھی جی کے مجسمے پر گلہائے عقیدت پیش کئے تھے۔

گزشتہ سال مئی میں وزیر اعظم نے امن کی اہمیت سے بخوبی واقف جاپان کے شہر ہیروشیما میں مہاتما گاندھی کے مجسمے کی نقاب کشائی کی تھی جس سے تاریخی سانحے کو مزاحمت کی یادگار میں بدلنا ممکن ہو سکا۔ X

## Rajnath Meetings

وزیر دفاع راجناتھ سنگھ اور امریکہ کے وزیر دفاع Lloyd Austin نے بھارت-امریکہ دفاعی شراکت داری کی حاصل کردہ پیشرفت کی ستائش کی ہے۔ یہ شراکت داری کارروائی کے اعتبار سے زیادہ سے زیادہ تال میل، ایک دوسرے کو اپنی معلومات میں شریک کرنے اور صنعتی اختراعات پر مبنی ہیں۔ دونوں لیڈروں نے آج Laos کے Vientiane میں گیارھویں آسیان وزرائے دفاع کی میٹنگ پلس کے موقع پر ایک دوسرے سے ملاقات کی۔

وزارتِ دفاع نے ایک بیان میں بتایا کہ دونوں ملکوں نے امریکہ-بھارت دفاعی صنعتی تعاون کے لائحۂ عمل کے تحت کی گئی قابل قدر پیشرفت کا اعتراف کیا، جس میں جیٹ انجنوں، Munitions اور Ground Mobility سسٹم کیلئے مشترکہ پیداوار کے انتظامات کو اعلیٰ ترین ترجیح دینے کے سلسلے میں جاری شراکت داری شامل ہے۔

دونوں ملکوں نے ایک آزاد اور کھلے بھارت-بحرالکاہل کو برقرار رکھنے کی غرض سے فوجی شراکت داری اور بین کارروائی کو مزید مضبوط کرنے کی جاری کوششوں کا بھی خیر مقدم کیا۔

وزیردفاع نے نیوزی لینڈ کے اپنے ہم منصب Judith Collins کے ساتھ بھی باہمی ملاقات کی۔ جناب راجناتھ سنگھ نے جنوبی کوریا کے وزیر دفاع Kim Yong Hyun اور آسٹریلیا کے اپنے ہم منصب Pat Conroy سے ملاقات کی۔x

## Global Cooperative CONF

وزیر اعظم نریندر مودی نئی دلّی کے بھارت منڈپم میں اِس ماہ کی 25 تاریخ کو ICA Global Cooperative کانفرنس کا افتتاح کریں گے۔ نئی دلّی میں آج ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے امداد باہمی کی وزارت میں سکریٹری ڈاکٹر آشیش کمار بھوٹانی نے بتایا کہ پہلی مرتبہ امدادِباہمی کی عالمی کانفرنس اور جنرل اسمبلی بھارت میں منعقد کی جارہی ہیں۔ انھوں نے کہا کہ جناب مودی امدادِ باہمی کے بین الاقوامی سال 2025 کے تعلق سے ایک یادگار ڈاک ٹکٹ بھی جاری کریں گے۔

چھ روزہ کانفرنس کا موضوع ہے ''امدادِ باہمی کے ادارے سبھی کیلئے خوشحالی کی تعمیر کرتے ہیں''۔ ڈاکٹر بھوٹانی نے بتایا کہ کانفرنس میں اجتماعی، پُرامن اور سبھی کیلئے خوشحال مستقبل کی تشکیل میں امدادِ باہمی کے اداروں کے کردار پر غور کیا جائیگا۔

انھوں نے یہ بھی اطلاع دی کہ بھوٹان کے وزیر اعظم Dasho Tshering Tobgay اور Fiji کے نائب وزیراعظم Manoa Kamikamica بھی کانفرنس میں شرکت کریں گے۔

S/B Dr. Ashish Kumar Bhutani

## Jitendra Vision Initiative

سائنس اور ٹیکنالوجی کے وزیر ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے نئی دلّی میں آج Student Innovation and Outreach Network کیلئے وکست بھارت مہم (VISION) کا افتتاح کیا۔ اِس اسکیم کا مقصد غیر مراعات یافتہ بچوں کے درمیان تعلیم کی نشو ونما، مہارتوں کا فروغ اور اختراعات کا موقع فراہم کرنا ہے۔

اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے وزیر موصوف نے اِس اسکیم کے پیچھے کارفرما چھوٹے کاروباری اداروں کو فروغ دینے کے نظریے اور ملک بھر کے طالب علموں کیلئے مواقع کو جمہوری طور پر فراہم کرنے کے تعلق سے توجہ کرنے کی ستائش کی۔ انھوں نے اِس بات کو اجاگر کیا کہ کس طرح یہ پورٹل ایسے افراد کیلئے ایک گیٹ وے کے طور پر کام کرسکتا ہے جو دور دراز علاقوں میں رہتے ہیں اور وہ Mentorship اور تربیت تک رسائی حاصل کرسکتے ہیں۔

وزیر موصوف نے کہا کہ (VISION) جیسے اقدامات بھارت کے تصور 2047 کے تحت ملک کی امنگوں کو پورا کرنے میں انتہائی اہمیت کے حامل ہیں جس کا مقصد بھارت کو ٹیکنالوجی، تعلیم اور اقتصادی ترقی میں ایک عالمی لیڈر کے طور پر مضبوط بنانا ہے۔

## Bihar Gadkari

سڑک ٹرانسپورٹ اور شاہراہوں کے مرکزی وزیر نتن گڈکری نے آج کہا ہے کہ NDA حکومت نے بہتر سڑک رابطہ مہیا کیا ہے تاکہ ملک میں مذہبی سیاحت کو فروغ دیا جاسکے۔ تین ہزار 700 کروڑ روپئے کی مالیت کے قومی شاہراہوں کے 6 پروجیکٹوں کا افتتاح اور سنگ بنیاد رکھے جانے کے موقع پر گیا میں ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے جناب گڈکری نے کہا کہ Buddha سرکٹ کو چار اور چھ لین والی سڑکوں سے جوڑا جارہا ہے۔ انھوں نے بتایا

کہ حکومت رام - جانکی سرکٹ کی تعمیر کر رہی ہے جس سے مذہبی سیاحت کو فروغ ملے گا کیونکہ مقدس مقامات کی عقیدتمندوں کیلئے بیحد اہمیت ہے۔

S/B Nitin Gadkari CUT-1

مرکزی وزیر نے یہ بھی کہا کہ اُن کی وزارت نے اتراکھنڈ میں پتھورا گڑھ کے راستے مانسرووَر جانے والے یاتریوں کیلئے ایک متبادل سڑک بھی تعمیر کی ہے۔

S/B Nitin Gadkari CUT-2

## Prasar Bharati OTT

پرسار بھارتی کے چیئرمین نونیت کمار سہگل نے آج کہا ہے کہ ایک نئے OTT پلیٹ فارم کا آغاز کرنے کے پیچھے صرف ڈیجیٹل اسپیس میں صحت مند مشمولات کو شامل کرنے ہی کا خیال نہیں ہے بلکہ بچوں اور نوجوانوں سمیت سماج کے سبھی طبقات کیلئے مواد فراہم کرنا بھی ہے۔ قومی نشریے پرسار بھارتی کے OTT پلیٹ فارم Waves کا افتتاح کرنے کے ایک دن بعد میڈیا سے خطاب کرتے ہوئے جناب سہگل نے اطلاع دی کہ اِس پلیٹ فارم پر دور درشن کے پروگراموں پر مشتمل آرکائیوز میں موجود تمام وہ سامان موجود ہوگا جسے لوگ دیکھتے ہوئے بڑے ہوئے ہیں۔ انھوں نے اِس بات کا بھی ذکر کیا کہ پلیٹ فارم پر اُن علاقائی ثقافتی پروگراموں کو بھی شامل کیا جائے گا جن میں وراثت پر توجہ کی گئی ہے۔x

## Khelo India Bihar

نوجوانوں کے امور اور کھیلوں کے وزیر ڈاکٹر منسکھ مانڈویا نے اعلان کیا ہے کہ بہار نے اگلے برس اپریل میں کھیلو انڈیا نوجوانوں کے گیمز اور پیرا گیمز کا انعقاد کیا جائے گا۔ انھوں نے کہا کہ حال ہی میں بہار میں خواتین کی ایشین چمپئنز ٹرافی ہاکی جیسے بڑے کھیل کود کے مقابلوں کا انعقاد کرکے اپنی صلاحیتوں کا مظاہرہ کیا ہے۔ ڈاکٹر مانڈویا نے کہا کہ وزیر اعظم نریندر مودی کا تصور کھیلو انڈیا گیمز کو ملک کے کونے کونے تک لے جانا ہے۔ وزیر موصوف نے کہا کہ 2047 تک وکست بھارت کے تصور کو پورا کرنے میں کھیل کود اہم ترین رول ادا کریں گے۔x

## Russia ICBM

روس نے یوکرین پر ایک بین براعظمی بیلسٹک میزائل ICBD سے حملہ کیا ہے۔ صدر ولادیمیر پتن کی جانب سے روس کے نیوکلیائی نظام کو تبدیل کئے جانے کے ایک دن بعد یہ میزائل پھینکا گیا ہے۔ امریکی صدر جوبائیڈن اور برطانیہ کے وزیر اعظم Keir Starmer کی جانب سے یوکرین کو روس کے اندرونی علاقے کو نشانہ بناکر مغربی ممالک کے طویل دوری والے کروز اور بیلسٹک میزائلوں کو استعمال کرنے کی اجازت دیئے جانے کے کچھ ہی دن بعد روس کی یہ سخت کارروائی سامنے آئی ہے۔

واشنگٹن اور لندن سے اِس طرح کی اجازت ملنے کے چند ہی گھنٹے بعد یوکرین نے روس کے علاقوں کو نشانہ

بناکر امریکہ میں بنا ATACMS میزائل اور برطانیہ میں بنا Storm Shadow میزائل داغے تھے۔
یوکرین کی فضائیہ نے آج ایک بیان جاری کیا ہے جس میں اُس نے کہا ہے کہ روس کی فوجوں نے آج صبح یوکرین کے وسطی شہر Dnipro پر کئی طرح کے میزائل داغے۔x

### ***ICC Arrest Warrants***

بین الاقوامی عدالتِ انصاف، ICC نے اسرائیل کے وزیر اعظم بنیامن نتین یاہو اور اُن کے سابق دفاعی سربراہ کے خلاف گرفتاری وارنٹ جاری کئے ہیں۔ اس کے علاوہ ICC نے حماس کے رہنما ابراہیم المعاصری کے خلاف بھی مبینہ جنگی جرائم اور انسانیت کے خلاف جرائم کے ارتکاب کی بنیاد پر گرفتاری وارنٹ جاری کیا ہے۔
یہ پیش رفت ICC کے وکیل کریم خان کی جانب سے 20 مئی کو کئے گئے اعلان کے بعد ہوئی ہے۔ کریم خان نے کہا تھا کہ وہ گزشتہ سال 7 اکتوبر کو حماس کی جانب سے اسرائیل پر کئے گئے حملے اور اسرائیلی فوج کی جانب سے غزہ پر کئے گئے جوابی حملوں سے متعلق مبینہ جرائم کی پاداش میں گرفتاری وارنٹس حاصل کرنے کی کوشش کررہے ہیں۔
بین الاقوامی عدالتِ انصاف نے کہا ہے کہ اسرائیل کی جانب سے اُس کے دائرۂ اختیار کو تسلیم کیا جانا ضروری نہیں ہے۔ اِس سے پہلے اسرائیل نے ہیگ میں قائم بین الاقوامی عدالتِ انصاف کے دائرۂ اختیار کو مسترد کر دیا تھا اور وہ غزہ میں جنگی جرائم سے انکار کرتا رہا ہے۔X

### ***Khyber Pakhtunkhwa***

پاکستان کے شمال مغربی خیبرپختون خواہ صوبے کے ایک قبائلی علاقے میں آج کم از کم 38 افراد ہلاک اور 29 دیگر اُس وقت زخمی ہوگئے جب ایک بندوق بردار نے مسافر بردار گاڑیوں پر گولی باری کر دی۔
صوبے کے چیف سکریٹری ندیم اسلم چودھری نے بتایا کہ یہ حملہ Kurram کے قبائلی ضلع میں ہوا۔ انہوں نے کہا کہ یہ ایک بڑا سانحہ ہے اور مرنے والوں کی تعداد میں اضافہ ہو سکتا ہے۔ خبروں کے مطابق وہاں مسافروں کی دو گاڑیاں تھیں۔ ایک مسافروں کو پشاور سے Parachinar لے جارہی تھی اور دوسری Parachinar سے پشاور۔X

### ***Maha Polls***

مہاراشٹر میں واحد مرحلے میں ہونے والے اسمبلی انتخابات کیلئے ووٹوں کی گنتی اس ماہ کی 23 تاریخ کو ہوگی۔ ریاست میں کُل پولنگ ہوئی اور یہاں تقریباً 65 اعشاریہ گیارہ فیصد ووٹنگ ریکارڈ کی گئی، جو گذشتہ تین برسوں میں سب سے زیادہ ہے۔ ہمارے نامہ نگار نے اطلاع دی ہے کہ یہ اسمبلی انتخابات 2024 ریاست کیلئے بہت اہم ہیں کیونکہ قومی پارٹیوں کی قیادت اور علاقائی پارٹیوں کے سیاسی مستقبل کی آزمائش ہے۔
شیوسینا، این سی پی اور کانگریس اتحاد کے اقتدار میں آنے کے ساتھ سال 2019 مہاراشٹر کے سیاسی

منظرنامے میں ایک اہم موڑ تھا۔ سیاسی ماہرین کے مطابق شیوسینا اور این سی پی کے ایک دوسرے سے الگ الگ ہونے کے بعد صورتحال نازک ہوگئی تھی۔ پانچ سالوں کے دوران ریاست نے قیادت میں بار بار تبدیلیاں دیکھی ہیں جس میں تین وزراء اعلیٰ دیویندر فڑنویس، ادھوٹھاکرے اور ایکناتھ شندے نے ایک ہی مدت میں حلف لیا۔ انتخابات سے قبل اہم جماعتوں کے لیڈر ایک پارٹی کو چھوڑ کر دوسری پارٹی میں چلے گئے۔ 2024 کا اسمبلی انتخابات، شردپوار، اجیت پوار، ادھوٹھاکرے اور ایکناتھ شندے جیسے کئی سینئر لیڈروں کے سیاسی مستقبل کا فیصلہ کرے گا۔

## AAP Delhi First List

عام آدمی پارٹی نے آج آئندہ دلی اسمبلی انتخابات کیلئے 11 امیدواروں پر مشتمل پہلی فہرست جاری کر دی ہے۔ پارٹی نے Brahm Singh Tanwar کو چھترپور سیٹ، Sumesh Shokeen کو Matiala، گورو شرما کو گونڈا، Veer Singh Dhingan کو سیما پوری، چودھری زبیر احمد کو سیلم پور اور انل جھا کو Kirari اسمبلی حلقے سے انتخابی میدان میں اُتارا ہے۔

اس پر ردعمل ظاہر کرتے ہوئے BJP صدر ویریندرسچدیوا نے کہا کہ امیدواروں کی پہلی لسٹ جاری کرتے ہوئے وزیراعلیٰ آتشی نے خود کو یا اپنی کابینہ کے کسی رکن کو انتخابی میدان میں نہیں اُتارا ہے۔

اُنہوں نے کہا کہ اس فہرست میں اُن کے قریبی معاونین میں سے بھی کسی کا نام شامل نہیں ہے۔

جناب سچدیوا نے مبینہ طور پر الزام لگایا کہ اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ عام آدمی پارٹی دلی اسمبلی انتخابات کے بارے میں بالکل بھی پُراعتماد نہیں ہے۔X

## Manipur Festival

منی پور کے Tamenglong ضلعے کے Lower Ground میں 9واں Amur Falcon فیسٹیول پورے جوش وخروش سے منایا گیا۔ Tamenglong کے ضلع انتظامیہ، ریاست کے محکمہ جنگلات اور Tamenglong کے Rainforest کلب کی جانب سے یہ تقریب منعقد کی گئی۔منی پور کے Tamenglong ضلعے میں ہر سال Amur Falcon فیسٹیول منایا جاتا ہے تاکہ ہجرت کرکے آنے والے پرندے Amur باز کے بارے میں بیداری پیدا کی جاسکے، جو ہر سال اکتوبر سے نومبر کے دوران اِس ضلع میں اُس وقت کچھ دن کیلئے بسیرا کرتے ہیں جب وہ افریقہ کے جنوبی اور مشرقی علاقوں کی طرف محوِ پرواز ہوتے ہیں۔x

## Badminton China Masters

بھارت کے بیڈمنٹن کھلاڑی لکشیہ سین، Shenzhen میں کھیلے جارہے China Masters 2024 Badminton میں مردوں کے سنگلز کے کوارٹر فائنل میں پہنچ گئے ہیں۔ Lakshya Sen نے ڈنمارک کے Rasmus Gemke کو دوسرے راؤنڈ میں اکیس۔سولہ، اکیس۔اٹھارہ سے شکست دی۔ مردوں کے ڈبلز میں بھی Chirag Shetty اور Satwik Sai raj Ranki reddy پر مشتمل بھارتی جوڑی نے ڈنمارک کے Rosmus

Kjaer اور Frederik Sogaard کو اکیس۔اُنیس، اکیس۔پندرہ سے شکست دے کر کوارٹر فائنل میں پہنچ گئے ہیں۔تاہم Treesa Jolly او گائیتری گوپی چند کی بھارتی خواتین کی جوڑی کو خواتین کے ڈبلز کے دوسرے راؤنڈ میں آج دوپہر Liu Sheng اور Tan Ning کی چینی جوڑی سے سولہ۔اکیس، گیارہ۔اکیس سے شکست سے سامنا کرنا پڑا۔ اس سے پہلے سرکردہ بھارتی کھلاڑی پی وی سندھو کو خواتین کے سنگلز کے پری کوارٹر فائنل میں سنگاپور کی Yeo Jia Min نے اکیس۔سولہ، سترہ۔اکیس، تئیس۔اکیس سے شکست دی۔X

## ***Cricket***

کرکٹ میں بھارتی آل راؤنڈر Hardik Pandaya نے ICC کے مردوں کے ٹی ٹوئنٹی کھلاڑیوں کی تازہ ترین درجہ بندی میں دوبارہ پہلا مقام حاصل کر لیا ہے۔

بلے بازوں میں بھارت کے Tilak Varma ایک بڑی جست لگاتے ہوئے سرفہرست 10 ویں مقام سے تیسرے مقام پر پہنچ گئے ۔

ان کے بعد Surya Kumar چوتھے مقام پر رہے تاہم Yashsvi Jaiswal ایک پائیدان کم ہوکر آٹھویں مقام پر رہے۔

گیندبازوں میں Arshdeep Singh اپنے ساتھی Ravi Bishnoi کے ساتھ سرکردہ 10 کھلاڑیوں کی فہرست میں شامل ہوگئے۔ Arshdeep نویں اور Ravi ایک پائیدان کم ہو کر آٹھویں مقام پر رہے۔X

☆☆☆☆☆☆☆☆